**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**HIGHER SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS XII**

**ANNUAL EXAMINATIONS (THEORY) 2023**

**Ethics Paper I**

**Time: 55 minutes Marks: 30**

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

ہدایات


1۔ ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

2۔ جوابات کے ورق پر جوابات دیجیے جو کہ علیحدہ مہیا کیا گیا ہے۔ اپنے جوابات، سوالات کے پرچے پر ہر گز نہ لکھیے۔

3۔ جوابات کے ورق پر 100 تک نمبر دیے گئے ہیں۔ آپ 1 سے 30 نمبر تک ہی جوابات دیجیے۔

4۔ ہر سوال کے چار انتخابات (options) A, B, C, D دیے گئے ہیں۔ ان میں سے ایک کو منتخب کیجیے۔ پھر جوابات کے صفحے میں متعلقہ دائرے کو پنسل سے بھر دیجیے جیسا کہ نیچے دکھایا گیا ہے۔

**امیدوار کے دستخط**




5۔ اگر آپ اپنا جواب بدلنا چاہیں تو پہلے والے جواب کو مکمل طور پر ربڑ سے مٹا دیجیے پھر نئے دائرے کو بھریے۔

6۔ جوابات کے صفحے میں کچھ نہ لکھیے۔ کمپیوٹر صرف بھرے ہوئے دائروں کو ریکارڈ کرے گا۔

1۔ میٹا ایتھکس (meta ethics) کا **بنیادی** مقصد کس کا مطالعہ کرنا ہے؟

A۔ سماجی تعلقات کے طریقۂ کار

B۔ رویوں سے متعلقہ مسائل

C۔ اخلاقی رویے

D۔ اخلاقی سچائی

2۔ اخلاقی نسبت پسندی (moral relativism) کا تصور، درج ذیل میں سے کس کے اصولوں پر مبنی ہے؟

A۔ حقائق

B۔ فطرت

C۔ ثقافت

D۔ معروضیت

3۔ صحت سے متعلق حیاتیاتی علوم (life sciences) کے اخلاقی دلائل اور اطلاق کو کس نام سے جانا جاتا ہے؟

A۔ بائیو ایتھکس (bioethics)

B۔ کام کی اخلاقیات (work ethics)

C۔ کاروباری اخلاقیات (business ethics)

D۔ ماحولیاتی اخلاقیات (environmental ethics)

4۔ اخلاقی نسبت پسندی (moral relativism) کی روشنی میں، درج ذیل میں سے کون سا عمل ماضی میں عام سی بات سمجھی جاتی تھی، لیکن اب یہ اخلاقی جرم ہے؟

A۔ غلامی

B۔ ہراساں کرنا

C۔ ہجرت

D۔ امتیازی سلوک

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

5۔ روڈولف اوٹو (Rudolf Otto) کا مذہب کے بارے میں تجزیہ درج ذیل میں سے کس سے متعلق ہے؟

A۔ مذہب سے سائنس تک جادو کا سفر

B۔ ثقافتی ترقی کے تین مراحل

C۔ مذاہب کی عقلی تشریح

D۔ تمام مذاہب میں روحانی حقیقت

6۔ تحقیق کے دوران معلوماتی تجزیہ (data analysis) کس مرحلے میں شامل ہے؟

A۔ رپورٹ لکھنے میں (report writing)

B۔ مشاہدے میں (observation)

C۔ توثیق میں (validity)

D۔ جانچنے میں (testing)

7۔ دنیا کی بہت سی ثقافتیں کسی بھی بیماری کے علاج میں دوائیوں (allopathy) کی بہ جائے دعاؤں کو ترجیح دیتی ہیں۔

دی گئی تفصیل مذہب اور سائنس کے درمیان کس قسم کے تعلق کو ظاہر کرتی ہے؟

A۔ تنازعہ

B۔ بحث

C۔ آزادی

D۔ باہمی انحصار

8۔ مذہب اور سائنس، آپس میں سائنسی نکتۂ نظر سے کس بنا پر مختلف ہیں؟

A۔ موضوعیت کی بنا پر

B۔ علم کی مطلقیت کی بنا پر

C۔ عقیدے کی بنا پر

D۔ مافوق الفطرتی تصورات کی بنا پر

براہِ کرم صفحہ پلٹیے

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

9۔ سکھ مت کی ابتدا درج ذیل میں سے کون سے مذہب کی چند تعلیمات کے انکار سے ہوئی؟

A۔ یہودیت

B۔ ہندومت

C۔ بدھ مت

D۔ عیسائیت

10۔ حضرت عیسیٰؑ کے مطابق، زندگی میں اخلاقی طور پر کام کرنے کی بنیاد درج ذیل میں سے کس پر مشتمل ہے؟

A۔ خدا کے قریب ہونا اور مستقل مزاجی کے ساتھ دعا کرنا

B۔ دنیاوی خواہشات کو چھوڑ کر آخرت کی زندگی پر توجہ مرکوز کرنا

C۔ اپنی تسلی کے لیے اور دوسروں کے لیے اچھے کام کرنا

D۔ اس دنیا اور بعد کی دنیا کے درمیان روابط تلاش کرنا

11۔ سکھ مت میں کائنات کی تخلیق کے بارے میں کیا عقیدہ ہے؟

A۔ کائنات کی تخلیق چار دنوں میں ہوئی تھی

B۔ کائنات کی تخلیق زوردار دھماکے سے ہوئی تھی

C۔ کائنات کی تخلیق کے لیے خالق نے اپنے فرشتوں کو حکم دیا تھا

D۔ کائنات کی تخلیق کے بارے میں خالق کے علاوہ کوئی نہیں جانتا

12۔ سکھ مت (sikhism) میں دسوند (dasvandh) یا دساوند (dasaundh) کا کیا تصور ہے؟

A۔ آمدنی کا دس فی صد خیرات میں دینا

B۔ گردوارے کے سالانہ لنگر میں حصہ ڈالنا

C۔ ضرورت مند پڑوسیوں اور رشتہ داروں کو پیسے دینا

D۔ فلاحی تنظیموں کے استعمال کے لیے اپنی جائداد مختص کرنا

13۔ زرتشی مذہب (Zoroastrianism) میں جنازے کی رسومات میں کیا شامل ہے؟

A۔ مُردے کو دفنانے کے بعد رسومات کی جاتی ہیں

B۔ مُردے کو گلنے سڑنے یا جلانے کے لیے رکھا جاتا ہے

C۔ مُردے کو تابوت میں دفن کرتے ہیں یا لاش کو آگ لگاتے ہیں

D۔ مُردے کو جلانے کے بعد راکھ کو پانی میں پھینکتے ہیں

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

14۔ درج ذیل مذاہب پر غور کیجیے۔

I۔ اسلام

II۔ سکھ مت

III۔ ہندو مت

IV۔ عیسائیت

V۔ زرتشتیت

درج بالا مذاہب میں سے وہ کون سے مذاہب ہیں جو سات آسمانوں کی تخلیق کے تصور پر یقین رکھتے ہیں؟

A۔ I اور IV

B۔ II اور III

C۔ III اور V

D۔ IV اور V

15۔ سفر طائف کے دوران رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر لوگوں نے پتھراؤ کیا۔ اس کے باوجود آپؐ نے اللہ سے دعا کی کہ وہ اُنھیں سیدھا راستہ دکھائے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ عمل کون سی اخلاقی قدر کی عکاسی کرتا ہے؟

A۔ مساوات

B۔ عاجزی

C۔ معافی

D۔ بھائی چارہ

16۔ بین المذاہب مکالمہ (inter-faith dialogue) بنیادی طور پر درج ذیل میں سے کیا حاصل کرنے میں مدد کرتا ہے؟

A۔ دوسروں کے عقائد کو اپنانا

B۔ خیالات اور نظریات میں اتحاد

C۔ مختلف نقطۂ نظر کو سمجھنا

D۔ بنیادی انسانی حقوق کا نفاذ

براہِ کرم صفحہ پلٹیے



AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

17۔ مذہب، معاشرے کو ہم وار طریقے سے چلانے کے لیے انسانوں کو کیا فراہم کرتا ہے؟

A۔ اقدار

B۔ رسومات

C۔ مقدس صحیفے

D۔ غیر ماورائی مخلوق پر یقین

18۔ درج ذیل میں سے کون سا عمل احتساب کے مذہبی عقیدے پر مبنی ہے؟

A۔ مجھے ٹریفک قوانین کی پیروی کرتے ہوئے سُرخ بتی پر رُکنا چاہیے

B۔ مجھے ضرورت مند لوگوں کی مدد کرنی چاہیے تاکہ میں اپنی ابدی زندگی میں آسانی حاصل کر سکوں

C۔ مجھے اپنا گھر کے لیے دیا گیا کام وقت پر جمع کرانا چاہیے تاکہ میں اپنے استاد سے فائدہ اُٹھا سکوں

D۔ مجھے پناہ گاہ (shelter home) میں لوگوں کی مدد کرنی چاہیے تاکہ وہ میرے بارے میں اچھی رائے دیں

19۔ وبائی مرض کے دوران بہت سے لوگ ایسے تھے جو کم مراعات یافتہ لوگوں کی مدد کرنا چاہتے تھے۔

مذہبی تعلیمات کے مطابق، مذکورہ بالا کام وہ لوگ کر سکتے تھے جو

A۔ لوگوں کی ضروریات سے بے پروا ہو کر سب کو ضروری اشیا فراہم کر سکتے تھے۔

B۔ خاموشی سے ضرورت مند لوگوں کی شناخت کے بعد ضروری اشیا فراہم کر سکتے تھے۔

C۔ سوشل میڈیا پر اپنے کام کا اعلان کر کے اپنی خدمات کی تصاویر چسپاں کر سکتے تھے۔

D۔ مذکورہ مقصد کے لیے کام نہ کرنے والی تنظیموں پر تنقید کرنے کے لیے پلیٹ فارم بنا سکتے تھے۔

20۔ تعلیم، بہ طور سماجی ادارہ **بنیادی** طور پر کیا کرتی ہے؟

A۔ معاشرے کے امن و امان کے نظام کو متعارف کرتی ہے۔

B۔ ثقافتی معلومات کو نسل در نسل منتقل کرتی ہے۔

C۔ بحران اور مایوسی کے وقت انسان کو ایک امید اور سکون دیتی ہے۔

D۔ معاشرے کو مرکزی دھارے میں لانے کے لیے لوگوں کو علمی تربیت دیتی ہے۔

Annual Examination 2023 for AKU-EB
Teaching and Learning only

21۔ ایک سماجی ادارے کی درج ذیل خصوصیات کو پڑھیے۔

- دوسرے معاشروں کے ساتھ تعلقات کو منظم کرتا ہے۔
- معاشرے میں امن و امان کا انتظام کرتا ہے۔

دی گئی خصوصیات درج ذیل میں سے کس سماجی ادارے سے **متعلق** ہے؟

A۔ ریاست
B۔ خاندان
C۔ معیشت
D۔ تعلیم

22۔ معاشرے کی ترقی میں ایک معاشی ادارے (economic institution) کا **بنیادی** کردار کیا ہے؟

A۔ معاشرے کے اصولوں کو قائم کرنا
B۔ زندگی کی بنیادی مہارتیں سیکھنے میں لوگوں کو مدد کرنا
C۔ مصنوعات اور خدمات کی تقسیم کو منظم کرنا
D۔ معاشرے میں قانون پر مبنی پروگراموں کا انعقاد کرنا

23۔ احمر ایک ایسی کمپنی میں کام کرتا ہے جہاں کوئی بھی دیے گئے کام کو وقت پر مکمل نہیں کرتا۔ اس وجہ سے کمپنی اپنے صارفین کو مطمئن کرنے سے قاصر ہے۔

دی گئی صورتِ حال میں دفتری امور کی انجام دہی میں کون سے اخلاقی عنصر کا فقدان ہے؟

A۔ عاجزی
B۔ عزتِ نفس
C۔ احتساب
D۔ دوسروں کے حقوق کا احترام





AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

24۔ فہد نے اپنے افسر (boss) کو دوسرے عملے کے ارکان کے سامنے اپنے ایک ساتھی کو ڈانٹتے ہوئے دیکھا۔ اُس نے فوراً اپنے افسر (boss) کے رویے کے خلاف اعلیٰ حکام سے شکایت کی۔

فہد کا یہ عمل اپنے ساتھی کے حوالے سے کس تشویش کو ظاہر کرتا ہے؟

A۔ ایمان داری
B۔ باقاعدگی
C۔ صلاحیتیں
D۔ عزتِ نفس

25۔ عاطف ایک ایسے ادارے میں کام کرتا ہے جہاں ادارے کا مالک عملے کی انفرادی قابلیت کی بنیاد پر سالانہ زائد رقم (بونس) کا اعلان کرتا ہے۔

مذکورہ بالا صورتِ حال میں ملازمین پر اس سالانہ زائد رقم (بونس) کا مثبت اثر کیا ہوگا؟

A۔ وہ خود کو مزید بہتر کرنے کے لیے کام کریں گے
B۔ وہ زائد رقم حاصل کرنے کے لیے خود کو مختلف گروہوں میں تقسیم کریں گے
C۔ وہ صرف اپنے افسروں کے ساتھ اچھے تعلقات استوار کریں گے
D۔ وہ دوسروں کی پرواکیے بغیر اپنا کام کریں گے

26۔ اسد ایک ایسے ادارے میں کام کرتا ہے جہاں ملازم کی لگن اور وفاداری کو بہت سراہا جاتا ہے۔

مذکورہ بالا تنظیم کا ایسا ماحول اسد کو کیا کرنے میں مدد دے گا؟

A۔ اپنی کاروباری مواصلات کی مہارت کو فروغ دینے میں
B۔ مالک کے ساتھ اچھے تعلقات استوار کرنے میں
C۔ اعلیٰ اخلاق کے ساتھ اپنے فرائض سرانجام دینے میں
D۔ اپنی قائدانہ صلاحیتوں کو اُبھارنے میں

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

27۔ نیلسن منڈیلا نے اپنی مثبت ساکھ تب قائم کی کہ جب وہ

A۔ افریقی نیشنل کانگریس (ANC) میں تھے۔

B۔ نظام عدلیہ کا حصہ تھے۔

C۔ ایوان صدر میں تھے۔

D۔ جیل میں تھے۔

28۔ کراچی کے ممتاز ناظمیں (mayors) میں جمشید نسروانجی مہتا کا مقام تاریخی ترتیب میں کیا ہے؟

A۔ پہلا

B۔ دوسرا

C۔ تیسرا

D۔ چوتھا

29۔ درج ذیل میں کس شخصیت کی کوششوں کی بہ دولت آج پاکستان میں لوگ بہ آسانی ایمبولینس منگوا سکتے ہیں؟

A۔ مدر ٹیریسا

B۔ عبدالستار ایدھی

C۔ ڈاکٹر محمد یونس

D۔ جمشید نسروانجی مہتا

30۔ ڈاکٹر محمد یونس نے مائیکرو فنانسنگ (micro financing) کا نظام کس کو سہولت دینے کے لیے تیار کیا تھا؟

A۔ سرکاری ملازمین

B۔ گھریلو صنعت

C۔ جاگیردار

D۔ شوگر ملز

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

اختتام

# Please use this page for rough work

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

# Please use this page for rough work

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

# Please use this page for rough work

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only